رہبر معظم کی خارجہ رہنما پالیسی کونسل کے اراکین سے ملاقات - 1 /May/ 2007

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج خارجہ رہنما پالیسی کونسل کے اراکین سے ملاقات میں اس کونسل کی طرف سے بنیادی اور رہنما پالیسی تدوین کرنے کی کوششوں کو ملک کے مستقبل کے لئے مفید اور مؤثر قراردیتے ہوئے فرمایا: 20 سالہ منصوبہ کے اہداف تک پہنچنے کے معیاروں اور اصولوں کی تدوین اس کونسل کے اہم ترین وظائف میں شامل ہے۔

رہبر معظم نے خارجہ روابط کی رہنما پالیسی کونسل کی کوششوں اور زحمات کی قدردانی کرتے ہوئےاس کونسل کے استحکام و قوت اور ممتاز شخصیات اور صاحب نظر افراد سے استفادہ کرنے پر زوردیا ۔

اس ملاقات میں خارجہ رہنما پالیسی کونسل کے سربراہ ڈاکٹر خرازی نے اس کونسل کی ایک سالہ کارکردگی کے بارے میں رپورٹ پیش کی ۔